© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**تعلیم القرآن** [اٹھارہ پارے]' مرتبہ: صابر قرنی۔ ناشر: مکتبہ الحسنات' ۱۹ سی منصورہ' ملتان روڈ' لاہور۔ ضخامت: کم و بیش ایک سو اور سوا سو صفحات۔ ہدیہ فی پارہ: ۳۰ روپے۔

مرحوم صابر قرنی کی زندگی اسلام کی سربلندی کے لیے جدوجہد خصوصاً دینی لٹریچر کی اشاعت و توسیع میں گزری۔ وہ سالہا سال تک رسالہ بتول' الحسنات اور نور مرتب اور شائع کرتے رہے۔ علاوہ ازیں انھوں نے خواتین اور بچوں کے لیے بہت سی چھوٹی بڑی بیسیوں بلکہ سیکڑوں سبق آموز کتابیں شائع کیں۔ عمر کے آخری برسوں میں انھوں نے کلام پاک کی تعلیم و تفہیم کے لیے تعلیم القرآن مرتب و شائع کرنا شروع کیا تھا۔ اب تک اس کے ۱۹ پارے شائع ہو چکے ہیں۔ متن کے نیچے لفظی و لغوی ترجمہ اور دوسری سطر میں مولانا فتح محمد جالندھری مرحوم کا آسان اور رواں ترجمہ دیا گیا ہے۔ حاشیے میں قواعد بھی سمجھائے گئے ہیں یعنی اسم' فعل' حرف کی وضاحت' ماضی اور مضارع کی نشان دہی تاکہ قاری میں عربی سیکھنے کا ذوق و شوق پیدا ہو۔ سب سے آخر میں ہر پارے کے مضامین کا خلاصہ دیا گیا ہے اور پھر اس پارے کے جملہ الفاظ حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کر کے ان کے معنی بتائے گئے ہیں اور یہ کہ لفظ کا مادہ یا مصدر کیا ہے اور قواعد کی رو سے اس کی کیا نوعیت ہے؟ ہر پارے کے آغاز میں آیات کے عنوانات اور مضامین مرتب کر دیے گئے ہیں۔ مختصر یہ کہ قرآن مجید کو باترجمہ پڑھنے اور اس کے مطالب و مفہوم کو سمجھنے کے لیے یہ ایک مفید سلسلہ ہے۔

مرتب مرحوم کا خیال تھا کہ: "گھر کے جملہ افراد اس کام کے لیے دن میں ایک وقت مقرر کر کے' روزانہ ایک صفحہ یا چند آیات کا ترجمہ سیکھنے اور سکھانے میں صرف کریں تو خاطر خواہ اضافہ ہو گا"۔ مولف نے اسے "قرآن کو قرآن کی زبان میں سمجھنے کا جدید طریقہ" قرار دیا ہے۔

سکولوں' کالجوں اور مدرسوں میں طلبہ و طالبات کو قرآن پاک سمجھانے کے لیے' نیز انفرادی مطالعے کے لیے بھی' باترجمہ پاروں کا یہ سلسلہ یقیناً نافع ہو گا اور امید واثق ہے کہ مولف مرحوم کے لیے اجر کا باعث بنے گا۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**رسولؐ اللہ کی وصیتیں**' مرتب و مترجم: ابو مسعود اظہر ندوی۔ ناشر: منشورات' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۲۵ روپے۔

© rasailojaraid.com